14053 ـ کیا استنجاء کرتے وقت بایاں ہاتھ یا بائیں ہاتھ کا کچھ حصہ استعمال کیا جا سکتا ہے ؟

سوال

پاخانہ کرنے کے بعد استنجاء کرنے کے لیے کونسی انگلیاں استعمال کروں، یا کہ پورا دایاں ہاتھ استعمال کر سکتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

صحیح حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا:

" تم میں سے کوئی شخص بھی پیشاب کرتے ہوئے اپنا عضو تناسل اپنے دائیں ہاتھ سے نہ پکڑے، اور نہ ہی پاخانہ کر کے اپنے دائیں ہاتھ سے صفائی کرے، اور نہ ہی برتن میں سانس لے "

صحیح مسلم کتاب الطہارۃ حدیث نمبر (392).

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" اور نہ ہی استنجاء کرتے ہوئے اپنے دائیں ہاتھ سے معاونت حاصل کرے " (یعنی پیشاب اور پاخانہ برابر ہے) ا ھ

اس بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ بندے کو کسی بھی طریقہ سے نجاست زائل کرتے ہوئے اپنا بایاں ہاتھ ہی استعمال کرنا چاہیے، چاہے پورا ہاتھ استعمال کرے یا ہاتھ کا کچھ حصہ مقصد بدن سے نجاست دور اور زائل کرنا ہے، اس لیے اس سلسلہ میں معاملہ وسیع ہے، اہم چیز یہ ہے کہ وہ گندگی دور کرتے اور زائل کرتے وقت اپنا دایاں ہاتھ استعمال کرنے سے اجتناب کرے واللہ اعلم.

مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (2532) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .